آگرہ تاج کالونی کے چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔15، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آگرہ تاج کالونی کے چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی ابراہیم سومرو کے بھائی عبدالشکور سومرو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

جمہوری عمل کے تسلسل سے ہی ملک کو اس نازک صورتحال سے نکالا جاسکتا ہے،انور عالم،عبدالحسیب

لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔15، نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ ملک نازک دور سے گزر رہا ہے اور جمہوری عمل کے تسلسل سے ہی ملک کو اس نازک صورتحال سے نکالا جاسکتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جنرل ورکرز اجلاس میں سے مختلف یونیورسٹیوں اور کالجوں سے تعلق رکھنے والے اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران وکارکنان طلبہ وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،اے پی ایم ایس او تنظیم نو کمیٹی کے رکن ارشد شاہ اور عبدالرحیم بھی موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی پرامن اور جمہوریت پسند جماعت ہے جو ملک میں جمہوریت کا فروغ اور پرامن سیاسی عمل جاری رکھنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر سے اپنے امیدوار کھڑے کرے گی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اے پی ایم ایس او بنا کر نوجوان نسل میں شعوری بیداری پیدا کی ہے اور اے پی ایم ایس او کے بطن سے جنم لینے والی متحدہ قومی موومنٹ آج ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک میں انصاف کی حکمرانی،ظلم وزیادتیوں اور فرسودہ رسومات اور ظالمانہ نظام کے خاتمے کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کررہی ہے۔انہوں نے اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر زور دیا کہ وہ تعلیمی اداروں میں طلبہ وطالبات کی ہر ممکن رہنمائی کریں اوران کے مسائل کے حل کیلئے اے پی ایم ایس او کے پلیٹ فارم سے اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔

حق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری نے ڈولی کھاتہ میں فراہمی ونکاسی آب کی نئی لائنوں کی تنصیب اور مریم روز گورنمنٹ اسکول کی تزئین وآرائش کے ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ دیا،منصوبوں پر مجموعی طور پر 83لاکھ روپے لاگت آئے گی

کراچی ۔۔۔15، نومبر 2007ء۔۔۔حق پرست صوبائی وزیر سید شعیب بخاری اور رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی نے کہا ہے کہ عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل خدمت ہی متحدہ قومی موومنٹ کا اصل منشور ہے،حق پرست نمائندے شروع دن سے اپنے منشور پر عمل پیرا ہوکر شہریوں کے مسائل کے حل اوران کے مشکلات کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی کنٹونمنٹ حلقہ 113 ڈولی کھاتہ میں فراہمی ونکاسی آب کی نئی لائنوں کی تنصیب اور مریم روز گورنمنٹ اسکول کی تزئین وآرائش کے ترقیاتی منصوبوں کے سنگ بنیاد کے موقع پر کیا۔ان منصوبوں پر آئندہ چندروز میں کام شروع ہوجائیگا جن پر مجموعی طور پر 83لاکھ روپے لاگت آئے گی۔تینوں منصوبوں کی تکمیل سے ڈولی کھاتہ اور کراچی کنٹونمنٹ کے رہائشی عوام کو عرصہ دراز سے درپیش مشکلات اور پریشانیوں کا خاتمہ ہوسکے گا۔انہوں نے منصوبوں کی بروقت تکمیل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کراچی کنٹونمنٹ ڈولی کھاتہ کے عوام عرصہ دراز سے پانی اور سیوریج لائنوں کی ٹوٹ پھوٹ سے شدید پریشانی کا شکار تھے اور علاقے کے عوام کی مشکلات کے حل کیلئے حق پرست قیادت نے اس علاقے میں بھی بڑے ترقیاتی کام کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت ہی ایم کیوایم کا منشور ہے اور ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتے ہوئے شروع دن سے اپنے منشور پر عمل پیرا ہے اور عوام کی مشکلات وپریشانیوں کے خاتمے اور شہر کی ترقی وخوشحالی کیلئے کوشاں ہے۔قبل ازیں سید شعیب بخاری اور اختر بلگرامی نے منصوبوں کا افتتاح کیا اور دعا کی۔

☆☆☆☆☆